**17.12.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

Music

.........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے جے پور میں بجلی، سڑک، ریلوے اور پانی سے متعلق 46 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کیا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت، رعایتی طبی سیاحت کے ایک مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے اور اِس کے فروغ میں ڈاکٹر ایک اہم رول ادا کر رہے ہیں۔

☆ لوک سبھا نے موجودہ مالی سال کیلئے ضمنی مطالباتِ زر کی پہلی قسط کو منظوری دے دی ہے۔

☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے دفاع سے متعلق نئے سرکاری شعبوں کے اداروں کے کردار اور کام کاج پر تبادلۂ خیال کی خاطر مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی ہے۔

☆ روس کے سرکردہ جنرل Igor Kirillov، جو نیوکلیائی تحفظاتی فورسز کے انچارج تھے، ماسکو میں ایک دھماکے میں ہلاک ہوگئے ہیں۔ یوکرین نے اِس کی ذمہ داری قبول کی ہے۔

☆ اور...... کرکٹ میں Gabba میں تیسرے ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن بھارت نے میزبان آسٹریلیا کے خلاف معمولی فرق سے Follow-On بچالیا۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Rev. PM Jaipur***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج جے پور میں 46 ہزار 300 کروڑ روپئے سے زیادہ کے 24 پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اِن میں توانائی، سڑک، ریلوے اور آبی پروجیکٹ شامل ہیں۔ جناب مودی نے آج اُن تقریبات میں بھی شرکت کی جو راجستھان میں بھجن لال شرما کی سرکار کے ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقد کی گئی تھیں۔ انھوں نے 11 ہزار کرور روپئے سے زیادہ کے 9 پروجیکٹوں کا افتتاح کیا جن میں مرکزی سرکار کے 7 اور ریاستی سرکار کے دو پروجیکٹ شامل ہیں۔ وزیر اعظم نے 35 ہزار 300 کروڑ روپئے سے زیادہ کے 15 پروجیکٹوں کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ اِن میں پاروَتی، کالی سندھ، چمبل لنک پروجیکٹ بھی شامل ہیں جو راجستھان اور مدھیہ پردیش کیلئے اہم ہے۔

اِس پروجیکٹ کیلئے مفاہمت نامے پر وزیر اعظم کی موجودگی میں دستخط کئے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پاروتی، کالی سندھ، چمبل لنک پروجیکٹ راجستھان میں پانی کے مسئلے کا ایک مستقل حل فراہم کرے گا۔

S/B 2100 PM Project Launch

وزیر اعظم نے کہا کہ یہ پروجیکٹ راجستھان اور مدھیہ پردیش دونوں کی ترقی کو رفتار عطا کرے گا۔
راجستھان کے گورنر ہری بھاؤ Bagde، راجستھان کے وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما، مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن لال یادو، جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل بھی پروگرام میں موجود تھے۔x

## VP Armenia

آرمینیا کی قومی اسمبلی صدر Alen Simonyan نے آج پارلیمنٹ ہاؤس میں نائب صدر جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے صدر نشین جگدیپ دھنکھڑ سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب دھنکھڑ نے کہا کہ تبادلۂ خیال کے دوران دونوں جمہوریتوں کے درمیان دیرینہ تعلقات اور دو طرفہ تجارت اور کنیکٹیوٹی کو مستحکم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت اور آرمینیا کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کی خاطر پارلیمانی تبادلوں کے رول کو بھی اجاگر کیا۔ x

## LS Panchayat Funds

آج مرکز نے مطلع کیا کہ 15 ویں مالیاتی کمیشن کی سفارشات کے تحت گزشتہ تین برس کے دوران دیہی مقامی اداروں کی خاطر پنچایتی راج محکمے کو ایک اعشاریہ چار-تین لاکھ کروڑ روپے کی مالی مدد جاری کی گئی ہے۔ لوک سبھا میں آج ایک تحریری جواب میں پنچایتی راج کے وزیر مملکت پروفیسر S.P. سنگھ بگھیل نے معلومات فراہم کی کہ اب تک موصول تازہ جانکاری کے مطابق مختص کی گئی رقم میں سے ایک اعشاریہ صفر-چھ لاکھ کروڑ روپے استعمال کیے جا چکے ہیں۔ x

## President AIIMS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت رعایتی طبی سیاحت کے ایک مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے اور ڈاکٹر اِس کے فروغ میں ایک اہم رول ادا کر رہے ہیں۔ وہ آج آندھرا پردیش کے Mangalgiri ایمس میں تقسیم اسناد تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔ صدر جمہوریہ نے انسانیت کی خدمت کیلئے طبی پیشہ ور افراد کی ستائش کی۔ انہوں نے ڈاکٹروں کو مشورہ دیا کہ وہ مستقل تربیت اور تحقیق پر توجہ مرکوز کریں۔

2100- Prez Droupadi Murmu

انہوں نے سب کیلئے صحت کی دیکھ بھال کی بھی وکالت کی۔ x

## LS Demands of Grants

لوک سبھا نے 2024-25 کیلئے ضمنی مطالبات زر کی پہلی قسط کو منظوری دی ہے۔ سرکار نے 87 ہزار 762 کروڑ روپئے سے زیادہ کے مجموعی اضافی خرچ کیلئے پارلیمنٹ کی منظوری مانگی تھی۔ اِن میں سے 44 ہزار 142 کروڑ روپئے قرض، ادائیگی اور شرح سود کی ادائیگیوں کیلئے ہے۔ ایوان نے اخراجات سے متعلق بل کو بھی منظوری دی ہے۔بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ بھارت دنیا میں سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشت ہے اور مجموعی گھریلو پیداوار میں پچھلے تین سالوں میں اوسطاً آٹھ اعشاریہ تین فیصد کی ترقی ہوئی ہے۔x

## RS Constitution

راجیہ سبھا نے آج بھارتی آئین کے 75 سالہ شاندار سفر پر اپنا خصوصی مباحثہ پھر سے شروع کیا۔ بحث میں شرکت کرتے ہوئے ایوان کے لیڈر اور مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے کہا کہ بھارت نہ صرف سب سے بڑی جمہوریت بلکہ جمہوریت کی ماں بھی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی اخلاقیات کے مطابق جمہوریت، آزادی، مساوات اور سب کی شمولیت پر مشتمل ہے جو شہریوں کو ایک باعزت زندگی گزارنے کی اجازت دیتی ہے۔ جناب نڈّا نے کہا کہ سرکار اِس وژن کے تئیں عزم مصمم رکھتی ہے اور کہا کہ ملک دستور ساز اسمبلی کے اُن ممبروں کا احسان مند ہے جنھوں نے بھارتی دستور کو تیار کیا۔ JDS لیڈر ایچ ڈی دیوی گوڑا، TMC کی سشمیتا دیب اور رامناتھ ٹھاکر نے بحث میں شرکت کی۔x

## Rev. RS Constitution

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت کیلئے بھارتی آئین محض ایک دستاویز نہیں بلکہ حاشیے پر رہ رہے افراد کی فلاح و بہبود اور ملک کی تعمیر کی خاطر ایک بنیادی تحریک ہے۔ آج راجیہ سبھا میں بھارتی آئین کے شاندار 75 برس پر خصوصی بحث کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ آئین نے ملک میں جمہوریت کی جڑوں کو مضبوط کیا ہے اور خون کا ایک بھی قطرہ بہائے بغیر اقتدار کی منتقلی کو یقینی بنایا ہے۔

2100- Amit Shah- Indian Democracy

بعد میں راجیہ سبھا کی کارروائی، کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔x

## One Nation One Election

ایک ملک، ایک چناؤ سے متعلق بل آج لوک سبھا میں پیش کیے گئے۔ مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے ایوان میں 129 ویں ترمیمی آئینی بل 2024 اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی خاطر قوانین کے ترمیمی بل 2024 سے متعلق تحریک پیش کی۔ اِس کے بعد اپوزیشن نے ووٹوں کو علیحدہ علیحدہ کیے جانے کی مانگ کی۔ 269 ارکان نے اِس بل کو پیش کیے جانے کے حق میں اور 198 نے اِس کے خلاف ووٹ دیا۔ کانگریس، TMC، سماجوادی پارٹی، DMK، شیوسینا ادھو ٹھاکرے، CPI-M اور دیگر نے اِن بلوں کو پیش کیے جانے کی یہ کہتے ہوئے مخالفت کی کہ یہ

آئین کے بنیادی ڈھانچے پر ایک حملہ ہے۔ انہوں نے اِن بلوں کو مزید غور و خوض کیلئے پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کو بھیجے جانے کا مطالبہ کیا۔ پیش ہے ایک رپورٹ......

VC- Anupam

ملک میں ایک ساتھ انتخابات کا نظریہ کوئی نیا نہیں ہے اور 1951 سے 1967 تک اس کا اطلاق ہوچکا ہے۔ آزادی کے بعد سے لوک سبھا اور ریاستی قانون ساز اسمبلیوں کے 400 سے زیادہ انتخابات ہوچکے ہیں۔ ملک میں ایک ساتھ چناؤ سے وسائل کو بچانے میں مدد ملے گی اور اِس بات کو بھی یقینی بنایا جاسکے گا کہ ترقیاتی پروجیکٹ مکمل ہوسکیں، جنہیں مثالی ضابطۂ عمل کے نافذ ہونے کے بعد روک دیا جاتا ہے۔

بل کے قانون بننے کے بعد اِسے دو مراحل میں نافذ کیا جائے گا۔ پہلے لوک سبھا اور اسمبلیوں کے انتخابات ایک ساتھ کرائے جائیں گے، جبکہ مقامی بلدیاتی اداروں کے چناؤ، عام انتخابات کے 100 دنوں کے اندر ہوں گے۔

ایک ساتھ چناؤ سے ووٹر ایک ہی دن میں اپنے حلقوں میں لوک سبھا اور ریاستی اسمبلی دونوں کیلئے اپنے حق رائے دیہی کا استعمال کرسکیں گے، جبکہ ملک بھر میں مرحلے وار طریقے سے ووٹنگ ہوسکے گی۔

نئی دلّی سے دیپندر اور انوپم کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

## LS Farmers Income

حکومت نے کسانوں کی آمدنی میں اضافے کیلئے ایک چھ نکاتی منصوبہ تیار کیا ہے۔ آج لوک سبھا میں جواب دیتے ہوئے زراعت اور کسانوں کی بہبود سے متعلق وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا کہ اِن کوششوں کے نتائج برآمد ہو رہے ہیں اور کسانوں کی آمدنی میں 03-2002 میں 2 ہزار 115 روپے فی ماہ کے مقابلے 19-2018 میں 10 ہزار 218 روپے فی ماہ کا اضافہ ہوا ہے۔ x

## Rajnath Meeting

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج نئی دلّی میں وزارت کی مشاورتی کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں نئے دفاعی پبلک سیکٹر اَنڈرٹیکنگس DPSUs کے کردار اور کام کاج پر تبادلہ خیال ہوا۔ میٹنگ کے دوران مالی اعداد وشمار، جدیدکاری، کیپٹل اخراجات، برآمدات، تیار شدہ نئے پروڈکٹ، تحقیق اور ترقی کے جاری پروجیکٹوں کے بارے میں کمیٹی ممبروں کو آگاہ کیا گیا۔اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ یہ نئے DPSUs جدید کاری کو آگے بڑھائیں گے اور عالمی سطح کی ٹیکنالوجیز کا استعمال کرتے ہوئے نئے معیار تیار کریں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ DPSUs بھارت کو دفاعی پیداوار کے شعبے میں آتم نربھر بنائیں گے۔x

## Jitendra Conclave

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر جتیندر سنگھ نے احتیاطی حفظانِ صحت، خواتین کی صحت اور مقامی طور پر ویکسین تیار کرنے میں بھارت کی کامیابیوں کو اجاگر کیا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک کانکلیو میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر

موصوف نے کہا کہ بھارت کے ذریعے تیار کیا گیا سروائیکل کینسر ویکسین سستا اور زیادہ موثر ہے۔ انھوں نے کہا کہ Quadrivalent Human Papillomavirus بھارتی آبادی کیلئے ایک تحفہ ہے جہاں سروائیکل کینسر سے سالانہ ایک لاکھ خواتین موت کا شکار ہوتی ہیں۔x

## CBIC Launch

بلاواسطہ ٹیکسوں اور کسٹمز کے مرکزی بورڈ CBIC نے آج ٹیکس دہندگان خدمات کو بہتر کرنے کیلئے چار نئے اقدامات کی شروعات کی ہے۔ شہریوں پر مرکوز اِن چار اقدامات میں شہریوں کے نظرثانی شدہ چارٹر، ٹیکس سے متعلق مکمل اطلاعات کیلئے شہریوں کا کارنر، مشورہ دینے کیلئے کاروبار کو آسان بنانے کا Tab اور ٹیکس خزانہ کیلئے CBIC آرکائیو شامل ہیں۔x

## GUJ Accident

آج صبح گجرات کے بھاؤنگر ضلع کے ہائی وے پر ایک سڑک حادثہ میں چھ لوگوں کی موت ہوگئی اور 22 لوگ زخمی ہوئے۔ یہ حادثہ بھاؤنگر ہائی وے پر تراپج گاؤں کے قریب ایک پرائیویٹ بس ایک ڈمپر ٹرک کے ٹکرانے سے ہوا۔ قریبی اسپتال میں زخمیوں کا علاج جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے مہلوکین کو خراج عقیدت پیش کیا اور زخمیوں کیلئے جلد صحت یابی کی دعا کی۔x

## Home After 22 Years

ایک بھارتی خاتون آج 22 سال بعد پاکستان سے اپنے گھر واپس آئی ہے۔ وہ ایک ٹریول ایجنٹ کا شکار ہوئی تھی۔ حمیدہ بانو کو وزارت خارجہ کے اہلکاروں کے حوالے کیا گیا۔ کاغذی کارروائی مکمل کرنے کے بعد بھارت کے امیگریشن اور کسٹم محکمے نے اُنھیں تحصیل اٹاری کے ضلع انتظامیہ کے پاس بھیج دیا، بعد میں اُنھیں علاج کیلئے امرتسر کے گروناک دیو اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ حمیدہ نے کہا کہ اِس حادثے سے پہلے وہ ممبئی میں رہتی تھیں اور ایک ٹریول ایجنٹ نے کام کیلئے اُنھیں دوبئی بھیجنے کا وعدہ کیا تھا لیکن اُس نے اُنھیں پاکستان کی سندھ ریاست کے حیدرآباد پہنچا دیا۔ اپنے خوفناک سفر کا ذکر کرتے ہوئے حمیدہ نے کہا کہ انھوں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ وطن واپس آسکیں گی لیکن صرف ایک سال پہلے بھارتی سفارتخانے نے اُن سے رابطہ کیا اور بتایا کہ وہ واپس جاسکتی ہیں۔x

## Delhi Pollution

قومی راجدھانی دلّی میں ہوا کا معیار خراب ہوکر خطرناک کے زمرے میں آگیا ہے۔ آج رات 8 بجے ہوا سے متعلق اوسط اشاریہ 432 درج کیا گیا۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ علاقوں میں AQI چارسو پچاس سے تجاوز کرگیا۔ دلّی کے بوانا میں AQI، 483، بُراڑی میں 482، آنند وہار میں 481، علی پور میں 478 اور سری فورٹ میں 450 درج کیا گیا۔

### Ukraine Killed Russian General

آج ماسکو میں روس کے سرکردہ جنرل Igor Kirillov جو روس کے نیوکلیائی تحفظاتی فورس کے انچارج تھے، اپنے معاون کے ساتھ ایک بم دھماکے میں ہلاک ہوگئے۔ یہ بم ایک الیکٹرک اسکوٹر میں چھپا کر رکھا گیا تھا۔ روس کی تحقیقاتی کمیٹی کے مطابق Kirillov اپنے نائب کے ساتھ ہلاک ہوگئے۔ سرکاری خبر رساں ایجنسی Tass کے مطابق یہ حادثہ Ryazansky Prospekt میں پیش آیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دھماکے کے بعد یوکرین کی سکیورٹی سروس نے حملے کی ذمے داری قبول کی ہے۔ کل یوکرین کی ایک عدالت نے Kirillov کی غیر حاضری میں اُن کے خلاف یوکرین میں روس کی فوجی مہم کے دوران ممنوعہ کیمیکل استعمال کرنے کے الزام میں سزا سنائی تھی۔x

### Chido Casualties

فرانس کے Mayotte میں کم سے کم 22 اموات اور تقریباً ایک ہزار 400 سے زیادہ لوگوں کے Chido طوفان میں زخمی ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ فرانس کا علاقہ Mayotte بحیرۂ ہند کے میڈاگاسکر اور موزامبیق کے درمیان ایک جزیرہ ہے۔ ذمہ داران نے کہا ہے کہ طوفان کے ملبے میں سیکڑوں یا ہزاروں لوگ دبے ہوسکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بہت سے علاقے اب بھی ناقابل رسائی ہیں، جہاں تباہی اور اموات کی حتمی تعداد پتہ لگنے میں کئی دن لگ سکتے ہیں۔ 200 کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے آئے اِس طوفان سے Shantytowns میں جمع ہوئے ملبے میں بچاؤ کارکن لوگوں کی تلاش میں لگے ہیں۔ اتوار کے روز آئے Chido طوفان میں اب تک کم سے کم 34 لوگوں کی اموات ہوچکی ہیں۔ اقوام متحدہ کے انسانی بہبود کی ایجنسی OCHA نے موزامبیق کی آفات سے متعلق ایجنسی کے حوالے سے اس بات کی تصدیق کی ہے۔x

### PH France Tragedy

وزیر اعظم نریندر مودی نے فرانس کے Mayotte میں سمندری طوفان Chido کے سبب تباہی پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے اِس کے متاثرین اور اُن کے اہل خانہ کیلئے اپنی نیک خواہشات اور دعائیں پیش کیں۔ x

### Cricket IND vs AUT

بارڈر-گواسکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میں بھارت نے آسٹریلیا کے خلاف فالو آن بچالیا ہے۔ تیسرے ٹیسٹ کے چوتھے دن بھارت نے 9 وکٹ پر 252 رن بنائے لیکن اب بھی وہ 193 رن سے پیچھے ہے۔ خراب روشنی کی وجہ سے کھیل جلدی ختم کردیا گیا۔اس سے پہلے آسٹریلیا نے اپنی پہلی اننگز میں 445 رن بنائے تھے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆